# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو غزل (9012) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- میر وسودا کے دور کی اردو غزل انسان کی بے توقیری و بے بضاعتی کے جیتے جاگتے مرقعوں سے مملو ہے؟ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 2- ولی کے ہاں دیگر دکنی شعرا کی نسبت فارسی روایت سے اکتساب کی صورت نمایاں کیوں ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال 3- میر کے تصورِ عشق میں ادب اور خود سپردگی بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ اظہار خیال فرمائیے۔ (20)

سوال 4- آتش کے کلام کا غالب حصہ رجائیت سے لبریز ہے۔ اس کلیے سے بحث کیجیے۔ (20)

سوال 5- دبستان لکھنو کی غزل میں باطن سے زیادہ خارجی عناصر سے دلچسپی کا رجحان نمایاں ہے۔ اظہار خیال کیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- حکیم مومن خان مومن غزل گو شعرا میں ایک ممتاز حیثیت کے مالک ہیں۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 2- اردو کے غزل گو شعرا میں حالی کا مقام و مرتبہ متعین کیجیے۔ (20)

سوال 3- ''طبع حسرت نے اٹھایا ہے ہر استاد سے فیض'' اس مصرع کی روشنی میں حسرت کے قول کی تائید یا تردید کیجیے۔ (20)

سوال 4- فراق کی غزل کن عوامل کی بنیاد پر بیسویں صدی کی غزل میں ایک علاحدہ شناخت رکھتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔ (20)

سوال 5- ناصر کی شاعری ایک پختہ تہذیبی روایت میں پلے ہوئے مزاج کی عکاسی دکھائی دیتی ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)